۱۷ر شعبان المعظم کو بذریعہ ہوائی جہاز کراچی سے پشاور پہنچا۔ ماہنامہ الحق ماہ نومبر ملا، جس کو دیکھنے سے بے حد متاثر ہوا۔ ماہنامہ کیا تھا؟ اہم مضامین کا ایک گنجینہ تھا۔ جزاک اللہ احسن الجزاء۔ خصوصاً نقش آغاز۔ اس عاجز کو نقش آغاز سے تو پہلے ہی سے بے حد دلچسپی رہی ہے۔ لیکن اس دفعہ دلچسپی کی کوئی حد نہ رہی، بار بار پڑھا۔ اور خوب غور سے پڑھا اس عاجز کی دعا ہے کہ آپ کا زور قلم روز بروز رو بہ ترقی ہو۔ فقط والسلام۔

محمد زکریا بنوری از گرامی سید میر احمد شاہؒ۔ پشاور

۱۱ شعبان ۶۹ آج اسی تاریخ پر میری جان محمد یوسف حفظہ اللہ من الآسف، بذریعہ ہوائی جہاز بخیر روانہ مکہ مکرمہ ہو گئے، دعا میں یاد فرمایا کریں۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان صاحب کاملپوریؒ صدر مدرس مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور

۱۔ بخدمت گرامی مکرم محترم حضرت مولانا عبدالحق صاحب زاد مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دعوت نامہ پہنچ کر عزت افزا ہوا۔ افسوس کہ میں برکات جلسہ سے محروم ہوں۔ ایک ہفتہ سے وطن آیا ہوں، یہاں آکر بیمار ہو گیا، اب تک مرض کا اثر باقی ہے۔ دعا صحت کا طالب ہوں، امید ہے کہ احقر کے عذر کو قبول فرماویں گے۔ فقط والسلام

بندہ عبدالرحمان غفرلہٗ از بہبودی

۶ر رمضان ۷۷ھ پنجشنبہ

۲۔ بخدمت گرامی محترم مکرم حضرت مولانا عبدالحق صاحب زاد مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ۔ گرامی نامہ مشتمل بر دعوت جلسہ سالانہ مدرسہ عزت بخش ہوا۔ احقر اپنی طبعی اعذار کی وجہ سے جلسوں اور اجتماعات کی شرکت سے معذور ہے، اعذار نہ ہوتے تو ضرور شرکت کر کے مواعظ حسنہ اور حضرات کی زیارت سے مشرف ہوتا۔ امید ہے کہ احقر کے عذر کو قبول فرمایا جاویگا۔ فقط والسلام

بندہ عبدالرحمان غفرلہٗ از بہبودی

۲۹ر ربیع ا ۱۳۷۸ھ